7

ROLL NUMBER

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 0 | 0 | 2 | 2 |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت:25منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** __________ **Candidate Sign.** __________

**Invigilator Sign.** __________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | عبارت کی تلخیص عموماً اصل عبارت کا _____ ہوتی ہے۔ | تین چوتھائی | نصف | دو تہائی | ایک تہائی |
| 2. | 'صبح وشام'، 'رات اور دن' کس قسم کے الفاظ ہیں؟ | متشابہ | مترادف | متضاد | ذو معنی |
| 3. | درج شدہ میں سے استعارہ کے رکن کی نشان دہی کریں: | غرضِ تشبیہ | مشبہ | حرفِ تشبیہ | وجہ جامع |
| 4. | مخمس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | دو | چھ | پانچ | چار |
| 5. | جس چیز سے تشبیہ دی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟ | مشبہ بہ | وجہ شبہ | مشبہ | طرفینِ تشبیہ |
| 6. | ؏ منہ سے ہم اپنے برا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ — اس مصرع میں فراق کیا ہے؟ | استعارہ | حرف تمنا | تشبیہ | تخلص |
| 7. | جملہ درست مکمل کریں: _____ خط کا جواب ضرور دیجیے۔ | براہ مہربانی | برائے مہربانی کرکے | برائے مہربانی | مہربانی سے |
| 8. | کربلا کے شہداء کے غم کا اظہار کس میں کیا جاتا ہے؟ | قصیدہ | حمد | نعت | مرثیہ |
| 9. | 'کاش' کس قسم کا حرف ہے؟ | حرفِ تمنا | حرفِ استعجاب | حرفِ ندا | حرفِ تنبیہ |
| 10. | درج شدہ میں سے کس میں مرکب تام ہے؟ | اُس نے گرم چائے پی | صائمہ کی گڑیا | روزِ عید | گرم چائے |
| 11. | ؏ اک چاند سا آنکھوں میں چمکائے ہوئے رہنا — درج مصرع میں 'سا' کیا ہے؟ | مجاز مرسل | حرفِ ندا | حرفِ تمنا | حرفِ تشبیہ |
| 12. | درج شدہ میں سے نثر کی نشان دہی کریں: | غزل | قصیدہ | ناول | مرثیہ |
| 13. | مرکب ناقص کی کس قسم میں ایک اسم کا تعلق دوسرے اسم سے جوڑا جاتا ہے؟ | مرکب عطفی | مرکب تام | مرکب توصیفی | مرکب اضافی |
| 14. | 'تذکیر و تانیث' کی رو سے درج شدہ میں **'مونث'** کی نشان دہی کریں: | جوتا | کرسی | پانی | گھی |
| 15. | اس کا قد سرو کی طرح اونچا ہے۔ — علم بیان کی قسم کی پہچان کریں: | مجاز مرسل | تشبیہ | استعارہ | کنایہ |
| 16. | تعریف کرنے کے لیے کون سے حروف استعمال کیے جاتے ہیں؟ | حروف تمنا | حروف تحسین | حروف نفرین | حروف ندا |
| 17. | میرے سفید بالوں کا کچھ خیال کرو۔ اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی موجود ہے؟ | تشبیہ | مجاز مرسل | کنایہ | استعارہ |
| 18. | 'ان پڑھ' میں "ان" کیا ہے؟ | حرفِ عطف | لاحقہ | سابقہ | حرفِ شرط |
| 19. | لفظ 'مطلع' کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | طلب بڑھنا | طلوع ہونے کی جگہ | اطلاع دینا | طالع انداز ہونا |
| 20. | 'شب' کا مترادف لفظ شناخت کریں: | رات | دن | فراق | روز |



II

FBISE PAST PAPERS

8

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - I

وقت:2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم:80

## حصہ دوئم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲:(الف) حصہ نثر:

**عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:** **(6 x 4 = 24)**

حفاظتی عملے کے تنخواہ داروں نے خوب قہقہے لگائے۔ ایک نے کہا، "اس کا دماغ ٹھکانے نہیں ہے۔"

"بہروپیا ہے۔" بڑے افسر نے اپنے عملے کو حکم دیتے ہوئے کہا، "اس سے پوچھو کہ یہ کون ہے اور محمود صاحب کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا ڈھونگ کیوں کر رہا ہے؟" پھر جو درگت بنانا ان کے حافظ میں محفوظ تھا، وہ درگت انھوں نے شیدی کی بنائی۔ لاتیں، مکے اور گھونسے مار مار کر اسے ادھ موا کر دیا۔ شیدی فرش گزیں ہو گیا۔ انھوں نے اسے پھر اٹھا کر کھڑا کر دیا۔ اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مار کر اسے ہوش میں لے آئے۔ شیدی نے خون آلود آنکھیں کھول کر حفاظتی عملے کی طرف دیکھا۔ چاق و چوبند افسر نے اس کے بالوں کو مٹھی میں پکڑتے ہوئے کہا، "بتاؤ، تم کون ہو؟ محمود صاحب کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز کیوں پڑھنا چاہتے ہو؟" شیدی بجھنے لگا۔ ایک لمحے کے لیے اس کی آنکھوں میں پُراسرار روشنی لوٹ آئی۔ اُس نے ٹوٹے پھوٹے لہجے میں کہا، "میں ایاز ہوں۔ میں ایک ہی صف میں کھڑا ہو کر محمود کے ساتھ نماز پڑھوں گا۔"

سوالات:

(i) حفاظتی عملے کے تنخواہ داروں کا کیا رویہ تھا؟

(ii) بڑے افسر نے اپنے عملے کو کیا حکم دیا؟ اور کیوں؟

(iii) بڑے افسر کے عملے نے شیدی کے ساتھ کیا کیا؟

(iv) "میں ایاز ہوں۔ میں ایک ہی صف میں کھڑا ہو کر محمود کے ساتھ نماز پڑھوں گا۔" اس جملے میں چھپے احساسات کی وضاحت کریں۔

(v) شیدی کیسے ہوش میں آیا؟ اور ہوش میں آکر اس نے کیا کیا؟

(vi) مندرجہ بالا عبارت کی تلخیص کیجیے۔ **یا** اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

ب۔ حصہ نظم:

**دیے گئے نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک نظمیہ جز کے اشعار پڑھ کر آخر میں دیے گئے متعلقہ سوالات کے جوابات لکھیں:** **(3 x 4 = 12)**

شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل
رنگِ جمال کس کا جما ہے افق افق
مکتوم کس کی موجِ کرم ہے صدف صدف
مرقوم کس کا حرفِ وفا ہے افق افق
کس کی طلب میں اہلِ محبت ہیں داغ داغ
کس کی ادا سے حشر بپا ہے افق افق

سوالات:

(i) "شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل" کا مفہوم واضح کریں۔

(ii) "حرفِ وفا" کے الفاظ کے استعمال سے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

(iii) شاعر نے اہلِ محبت کی حالت کو کیسے بیان کیا ہے؟ **یا** اس بند کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

---

**(یا)**

---

ملا کی نظر نور فراست سے ہے خالی
بے سوز ہے میخانہ صوفی کی مئے ناب
اے وادی لولاب
بیدار ہو دل جس کی فغان سحری سے
اس قوم میں مدت سے وہ درویش ہے نایاب
اے وادی لولاب

سوالات:

(i) پہلے شعر کا مفہوم بیان کریں۔

(ii) 'فغان سحری' سے کیا مراد ہے؟

(iii) اس بند کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** اس بند میں شاعر نے امت مسلمہ کو کیا نکتہ سمجھانے کی کوشش کی ہے؟



FBISE PAST PAPERS

(ج) حصہ غزل:

مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں: **(1 x 4 = 4)**

(i)
پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

(ii)
جشنِ مقتل ہی نہ برپا ہوا ورنہ ہم بھی
پا بجولاں ہی سہی ناچتے گاتے جاتے

سوال: پہلے شعر میں شاعر نے محبوب کی بے خبری کس طرح واضح کی ہے؟ **یا** دوسرے شعر میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے؟

(د) حصہ قواعد:

درج سوالوں کے جوابات لکھیں: **(2 x 4 = 08)**

(i) دہی، قلم، آسمان اور کتاب کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(ii) استعارہ کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال کے ذریعے ارکان استعارہ کی وضاحت کریں۔ **یا** 'مرکب توصیفی' اور 'مرکب تام' کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک ایک مثال بھی دیں۔

## حصہ سوئم (کل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: **(06)**

والدہ صاحبہ قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتی تھیں اور سر پکڑ کر بیٹھ جاتی تھیں اور جب وہ یہ کہتیں: "تقدیر ان کو ٹھوکریں کھلواتی ہے جو تاج وروں کے ٹھوکریں مارتے تھے۔ قسمت نے ان کو بے بس کر دیا جو بے کسوں کے کام آتے تھے۔ ہم چنگیز کی نسل ہیں جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہ جہاں کے گھر والے ہیں جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھادی اور دنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنادی۔ ہم ہندوستان کے شہنشاہ کے کنبے میں ہیں۔ ہم عزت والے تھے زمین میں ہمیں کیوں ٹھکانہ نہیں ملتا۔ وہ کیوں سرکشی کرتی ہے۔ آج ہم پر مصیبت ہے آج ہم پر آسمان روتا ہے۔"

(یا)

برسات ہی کا موسم ہے۔، گاؤں میں آموں کا باغ کبھی دھوپ، کبھی چھاؤں، کوئل کوکتی ہے۔ ہوا لہکتی ہے۔ گاؤں میں لڑکے لڑکیاں دھوم مچارہی ہیں۔ کہیں کوئی پکا ہوا آم ڈال سے ٹوٹ کر گرتا ہے۔ سب کے سب جھپٹتے ہیں، جس کو مل گیا وہ ہیرو بن گیا۔ جس کو نہ ملا اس پر سب نے ٹھٹھے لگائے یہی لڑکے لڑکیاں جو اس وقت کسی طرح قابلِ التفات نظر نہیں آتے کسے معلوم آگے چل کر زمانہ اور زندگی کی کن نیرنگیوں کو اجاگر کریں گے۔ کتنے فاقے کریں گے کتنے فاتح بنیں گے کتنے نامور اور نیک نام کتنے گمنام و نافرجام اور یہ خاکسار ایک کھری چارپائی پر اس باغ میں آرام فرمارہا ہے۔ چارپائی باغبان کی ہے۔ باغ کسی اور کا ہے۔

**سوال نمبر ۴۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔ **(07)**

عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیرِ آزادی
شہادت مستقل اک سرخیٔ تحریرِ آزادی
جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی
مجھے ہر نامناسب بات پر تنقید کا حق ہے
مری تقریر سے تعبیر ہے تعمیرِ آزادی

(یا)

خدا کرے کہ مری ارض پاک پر اترے
وہ فصلِ گل جسے اندیشۂ زوال نہ ہو
یہاں جو پھول کھلے وہ کھلا رہے برسوں
یہاں خزاں کو گزرنے کی بھی مجال نہ ہو
یہاں جو سبزہ اگے وہ ہمیشہ سبز رہے
اور ایسا سبز کہ جس کی کوئی مثال نہ ہو

**سوال نمبر ۵۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(3+3+3=9)**

سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں
یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق
مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں
منھ سے ہم اپنے برا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ
ہے ترا دوست مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(یا)

یوں بچھڑنا بھی بہت آساں نہ تھا اس سے مگر
جاتے جاتے اس کا وہ مڑ کر دوبارہ دیکھنا
کس شباہت کو لیے آیا ہے دروازے پہ چاند
اے شبِ ہجراں! ذرا اپنا ستارہ دیکھنا
کیا قیامت ہے کہ جن کے نام پر پسپا ہوئے
ان ہی لوگوں کو مقابل میں صف آرا دیکھنا

**سوال نمبر ۶۔** اپنے دیہات میں مرکز صحت کے قیام کے لیے ضلعی ناظم کو درخواست لکھیے۔ **(05)**

**سوال نمبر ۷۔** ایک تقریری مقابلہ کی رپورتاژ لکھیے۔ **(05)**

(یا)

شہر میں بھکاریوں کی صورتِ حالات پر ایک مختصر تجزیاتی رپورٹ لکھیے۔

FBISE PAST PAPERS

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 2 | 0 | 2 | 1 |

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I
## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)
### وقت: 25منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________ Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیئے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | کنایہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | واضح بات | چھپی ہوئی بات | ادھوری بات | مکمل بات |
| .2 | ؎ جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے<br>مصرع میں 'گل' کیا ہے؟ | استعارہ | مجاز مرسل | حرفِ تشبیہ | حرفِ ندا |
| .3 | مسدس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | آٹھ | چھ | پانچ | چار |
| .4 | درج شدہ میں کس جملے میں تشبیہ کا استعمال ہوا ہے؟ | وہ شیر ہے | وہ دلیر ہے | وہ بہت دلیر ہے | وہ شیر کی طرح دلیر ہے |
| .5 | درج شدہ میں 'حرفِ تاسف' کی نشان دہی کریں: | شاباش | افسوس | خبردار | سنو |
| .6 | کس نظم میں اللہ تعالیٰ سے رقت انگیز لہجے میں مدد مانگی جاتی ہے؟ | قصیدہ | مثنوی | مرثیہ | مناجات |
| .7 | ؎ عادت ہی بنالی ہے تم نے تو منیرؔ اپنی درج مصرع میں منیرؔ کیا ہے؟ | تشبیہ | تخلص | ردیف | محاورہ |
| .8 | مظروف کہہ کر ظرف مراد لینا کو قواعد میں کیا کہا جاتا ہے؟ | تشبیہ | کنایہ | استعارہ | مجاز مرسل |
| .9 | شعری اصطلاح میں لفظ 'مطلع' کے کیا معنی ہیں؟ | نظم کا پہلا شعر | مثنوی کا پہلا شعر | غزل کا پہلا شعر | قطعہ کا پہلا شعر |
| .10 | مجاز مرسل کی شناخت کریں: | اس نے بوتل پی لی | اس نے دوا کھالی | اس نے پانی پی لیا | وہ سو گیا |
| .11 | اشعار کے آخر میں جوں کے توں آنے والے الفاظ ______ کہلاتے ہیں۔ | قافیہ | ردیف | متضاد | مہمل |
| .12 | 'آدمی' اور 'انسان' دونوں الفاظ باہم ______ ہیں۔ | متشابہ | متضاد | مترادف | مہمل |
| .13 | "عید گاہ" میں لفظ "گاہ" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | لاحقہ | سابقہ | ترکیب بند | مرکب مصدر |
| .14 | لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق کس میں ہوتا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |
| .15 | اے دوست! مجھے تمہاری مدد کی ضرورت ہے۔ حرف کی پہچان کریں: | حرفِ بیان | حرفِ تحسین | حرفِ نفرین | حرفِ ندا |
| .16 | مرکب ناقص کی کون سی قسم موصوف اور اسم صفت سے مل کر بنتی ہے؟ | مرکب عطفی | مرکب اضافی | مرکب توصیفی | مرکب تام |
| .17 | تذکیر و تانیث کے قواعد کی رو سے درست جملہ کی شناخت کریں: | دہی کھٹی ہے | پانی ٹھنڈی ہے | کرسی بہت چھوٹی ہے | برتن ٹوٹ گئی |
| .18 | "کوہ ہمالیہ کے پہاڑ بہت اونچے ہیں"۔ اس جملے میں کس کی غلطی کی ہے؟ | محاورے کی | روز مرہ کی | ساخت کی | فعل کی |
| .19 | استعارہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھ |
| .20 | درج شدہ میں مرکب تام کی پہچان کریں: | سلیم کا فون | شبِ برات | سمجھ دار لڑکا | سلیم کا فون ٹوٹ گیا۔ |

1HA-I 25002 (D)

FBISE PAST PAPERS

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - I

وقت:2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم:80

## حصہ دوئم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲:(الف) حصہ نثر:

**عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:** **(6 x 4 = 24)**

حفاظتی عملے کے تنخواہ داروں نے خوب قہقہے لگائے۔ ایک نے کہا، "اس کا دماغ ٹھکانے نہیں ہے۔"

"بہروپیا ہے۔" بڑے افسر نے اپنے عملے کو حکم دیتے ہوئے کہا، "اس سے پوچھو کہ یہ کون ہے اور محمود صاحب کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا ڈھونگ کیوں کر رہا ہے؟" پھر جو درگت بنانا ان کے حافظہ میں محفوظ تھا، وہ درگت انھوں نے شیدی کی بنائی۔ لاتیں، مکے اور گھونسے مار مار کر اسے ادھ موا کر دیا۔ شیدی فرش گزیں ہو گیا۔ انھوں نے اسے پھر اٹھا کر کھڑا کر دیا۔ اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مار کر اسے ہوش میں لے آئے۔ شیدی نے خون آلود آنکھیں کھول کر حفاظتی عملے کی طرف دیکھا۔ چاق و چوبند افسر نے اس کے بالوں کو مٹھی میں پکڑتے ہوئے کہا، "بتاؤ، تم کون ہو؟ محمود صاحب کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز کیوں پڑھنا چاہتے ہو؟" شیدی بجھنے لگا۔ ایک لمحے کے لیے اس کی آنکھوں میں پُراسرار روشنی لوٹ آئی۔ اُس نے ٹوٹے پھوٹے لہجے میں کہا، "میں ایاز ہوں۔ میں ایک ہی صف میں کھڑا ہو کر محمود کے ساتھ نماز پڑھوں گا۔"

**سوالات:**

(i) حفاظتی عملے کے تنخواہ داروں کا کیا رویہ تھا؟

(ii) بڑے افسر نے اپنے عملے کو کیا حکم دیا؟ اور کیوں؟

(iii) بڑے افسر کے عملے نے شیدی کے ساتھ کیا کیا؟

(iv) "میں ایاز ہوں۔ میں ایک ہی صف میں کھڑا ہو کر محمود کے ساتھ نماز پڑھوں گا۔" اس جملے میں چھپے احساسات کی وضاحت کریں۔

(v) شیدی کیسے ہوش میں آیا؟ اور ہوش میں آکر اس نے کیا کیا؟

(vi) مندرجہ بالا عبارت کی تلخیص کیجیے۔ **یا** اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

ب۔ حصہ نظم:

**دیے گئے نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک نظمیہ جز کے اشعار پڑھ کر آخر میں دیے گئے متعلقہ سوالات کے جوابات لکھیں:** **(3 x 4 = 12)**

شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل
رنگِ جمال کس کا جما ہے افق افق
مکتوم کس کی موجِ کرم ہے صدف صدف
مرقوم کس کا حرفِ وفا ہے افق افق
کس کی طلب میں اہلِ محبت ہیں داغ داغ
کس کی ادا سے حشر بپا ہے افق افق

**سوالات:**

(i) "شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل" کا مفہوم واضح کریں۔

(ii) "حرفِ وفا" کے الفاظ کے استعمال سے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

(iii) شاعر نے اہلِ محبت کی حالت کو کیسے بیان کیا ہے؟ **یا** اس بند کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(یا)

ملا کی نظر نور فراست سے ہے خالی
بے سوز ہے میخانہ صوفی کی مئے ناب
اے وادی لولاب
بیدار ہو دل جس کی فغان سحری سے
اس قوم میں مدت سے وہ درویش ہے نایاب
اے وادی لولاب

**سوالات:**

(i) پہلے شعر کا مفہوم بیان کریں۔

(ii) 'فغان سحری' سے کیا مراد ہے؟

(iii) اس بند کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** اس بند میں شاعر نے امت مسلمہ کو کیا نکتہ سمجھانے کی کوشش کی ہے؟



FBISE PAST PAPERS

(ج) حصہ غزل:

مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں: (1 x 4 = 4)

(i)
پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

(ii)
جشنِ مقتل ہی نہ برپا ہوا ورنہ ہم بھی
پا بجولاں ہی سہی ناچتے گاتے جاتے

سوال: پہلے شعر میں شاعر نے محبوب کی بے خبری کس طرح واضح کی ہے؟ یا دوسرے شعر میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے؟

(د) حصہ قواعد:

درج سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 4 = 08)

(i) دہی، قلم، آسمان اور کتاب کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(ii) استعارہ کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال کے ذریعے ارکانِ استعارہ کی وضاحت کریں۔ یا 'مرکب توصیفی' اور 'مرکب تام' کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک ایک مثال بھی دیں۔

## حصہ سوئم (کل نمبر 32)

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

والدہ صاحبہ قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتی تھیں اور سر پکڑ کر بیٹھ جاتی تھیں اور جب وہ یہ کہتیں: "تقدیر ان کو ٹھوکریں کھلواتی ہے جو تاج دروں کے ٹھوکریں مارتے تھے۔ قسمت نے ان کو بے بس کر دیا جو بے کسوں کے کام آتے تھے۔ ہم چنگیز کی نسل ہیں جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہ جہاں کے گھر والے ہیں جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھادی اور دنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنادی۔ ہم ہندوستان کے شہنشاہ کے کنبے میں ہیں۔ ہم عزت والے تھے زمین میں ہمیں کیوں ٹھکانہ نہیں ملتا۔ وہ کیوں سرکشی کرتی ہے۔ آج ہم پر مصیبت ہے آج ہم پر آسمان روتا ہے۔"

(یا)

برسات ہی کا موسم ہے۔ گاؤں میں آموں کا باغ کبھی دھوپ، کبھی چھاؤں، کوئل کوکتی ہے۔ ہوا لہکتی ہے۔ گاؤں میں لڑکے لڑکیاں دھوم مچارہی ہیں۔ کہیں کوئی پکا ہوا آم ڈال سے ٹوٹ کر گرتا ہے۔ سب کے سب جھپٹتے ہیں، جس کو مل گیا وہ ہیرو بن گیا۔ جس کو نہ ملا اس پر سب نے ٹھٹھے لگائے یہی لڑکے لڑکیاں جو اس وقت کسی طرح قابلِ التفات نظر نہیں آتے کسے معلوم آگے چل کر زمانہ اور زندگی کی کن نیرنگیوں کو اجاگر کریں گے۔ کتنے فاقے کریں گے کتنے فاتح بنیں گے کتنے نامور اور نیک نام کتنے گمنام و نافرجام اور یہ خاکسار ایک کھری چارپائی پر اس باغ میں آرام فرمارہا ہے۔ چارپائی باغبان کی ہے۔ باغ کسی اور کا ہے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔ (07)

عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیرِ آزادی
شہادت مستقل اک سرخئ تحریرِ آزادی
جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی
مجھے ہر نامناسب بات پر تنقید کا حق ہے
مری تقریر سے تعبیر ہے تعبیرِ آزادی

(یا)

خدا کرے کہ مری ارضِ پاک پر اترے
وہ فصلِ گل جسے اندیشۂ زوال نہ ہو
یہاں جو پھول کھلے وہ کھلا رہے برسوں
یہاں خزاں کو گزرنے کی بھی مجال نہ ہو
یہاں جو سبزہ اگے وہ ہمیشہ سبز رہے
اور ایسا سبز کہ جس کی کوئی مثال نہ ہو

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں
یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق
مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں
منھ سے ہم اپنے برا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ
ہے ترا دوست مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(یا)

یوں بچھڑنا بھی بہت آساں نہ تھا اس سے مگر
جاتے جاتے اس کا وہ مڑ کر دوبارہ دیکھنا
کس شباہت کو لیے آیا ہے دروازے پہ چاند
اے شبِ ہجراں! ذرا اپنا ستارہ دیکھنا
کیا قیامت ہے کہ جن کے نام پر پسپا ہوئے
ان ہی لوگوں کو مقابل میں صف آرا دیکھنا

سوال نمبر۶۔ اپنے دیہات میں مرکزِ صحت کے قیام کے لیے ضلعی ناظم کو درخواست لکھیے۔ (05)

سوال نمبر۷۔ ایک تقریری مقابلہ کی رپورتاژ لکھیے۔ (05)

(یا)

شہر میں بھکاریوں کی صورتِ حالات پر ایک مختصر تجزیاتی رپورٹ لکھیے۔

FBISE PAST PAPERS

11

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 9 | 0 | 0 | 2 | 1 |

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I
# (Old Curriculum)
## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)
## وقت:25منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** ____________ **Candidate Sign.** ____________

**Invigilator Sign.** ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 'بچہ آہستہ آہستہ رونے لگا'۔اس جملے میں متعلق فعل ہے: | بچہ | آہستہ آہستہ | لگا | رونے |
| 2. | کلام میں متضاد الفاظ کو استعمال کرنا، علم بدیع کی رُو سے کیا کہلاتا ہے؟ | صنعت تکرار | صنعت حُسن تعلیل | صنعت تجنیس | صنعت تضاد |
| 3. | درج شدہ میں سے تین ارکان کس کے ہوتے ہیں؟ | تشبیہ | مجاز مرسل | استعارہ | کنایہ |
| 4. | کسی عہدیدار، وزیر، بادشاہ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کون سی ہے؟ | قصیدہ | مرثیہ | شہر آشوب | مناجات |
| 5. | شکاری نے شیر مار دیا۔اس جملے میں معاون فعل کون سا ہے؟ | شکاری | نے | مار | دیا |
| 6. | یک بیک وہ چلا کے پکار اُٹھا / مار تیرے ہاتھ میں ہے اس کو مار — اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | حسن تعلیل | تجنیس محرف | تجنیس تام | لف ونشر |
| 7. | کس نظم میں کسی شہر یا ملک کی اقتصادی سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہوتا ہے؟ | مرثیہ | منقبت | شہر آشوب | مثنوی |
| 8. | کون سی کہانی کرداروں کی حرکات وسکنات اور مکالموں سے پیش کی جاتی ہے؟ | ناول | داستان | افسانہ | ڈراما |
| 9. | درج شدہ میں سے مرکب مصدر کی نشاندہی کریں: | سوجانا | صبح وشام | اندھیری رات | صبح بہار |
| 10. | مہنگائی نے سفید پوش عوام کا جینا دُوبھر کر دیا ہے۔اس جملے میں "سفید پوش" کو علم بیان کی رُو سے کیا کہیں گے؟ | تشبیہ | محاورہ | کنایہ | مجاز مرسل |
| 11. | کلام میں ایسے الفاظ کا استعمال کرنا جو ذُو معنی ہوں یعنی ایک قریب اور دوسرا بعید کا مفہوم۔قواعد میں کلام کی یہ خوبی کیا کہلائے گی؟ | صنعت تکرار | صنعت ایہام | صنعت لف ونشر | صنعت مبالغہ |
| 12. | کس کے لفظی معانی ہیں؟ "نُدرت پیدا کرنا، کوئی اَچھوتی بات کرنا یا زاویہ پیدا کرنا" | علم بیان | علم معقول | علم عروض | علم بدیع |
| 13. | درج شدہ میں سے کس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہوتا ہے؟ | روزمرہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |
| 14. | مرثیہ کس زبان کے لفظ "رثا" سے بنا ہے؟ | فارسی | عربی | پنجابی | سنسکرت |
| 15. | مسدس نظم کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟ | تین | چار | پانچ | چھ |
| 16. | کون سی لفظی ترکیب 'وضعی معنوں' یا 'سلینگ' کے طور پر استعمال ہو گی؟ | پنڈی ایکسپریس | غصہ کھانا | روز بہ روز | آفت کا پر کالا |
| 17. | "تھیسارس" سے کیا مراد ہے؟ | متشابہ الفاظ | متلازم الفاظ | ذخیرۂ الفاظ | مترادف الفاظ |
| 18. | کلام میں کسی تاریخی، مذہبی واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہیں گے؟ | صنعت تجنیس | صنعت تعلیل | صنعتِ تلمیح | صنعت تضمین |
| 19. | اصل فعل ہمیشہ کس فعل سے پہلے آتا ہے؟ | مضارع فعل | فعل ناقص | امدادی یا معاون فعل | فعل مستقبل |
| 20. | کون سی صنفِ ادب میں لکھنے والے کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے؟ | انشائیہ | ناول | ڈراما | افسانہ |



FBISE PAST PAPERS

12

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی — I
## (Old Curriculum)

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

**نوٹ:** حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:** (6 x 4 = 24)

ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لگاؤ ایمان داری کی نظیر دکھاتا ہے اس شخص کا اس کے زمانے میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔ ہر روز کے تجربے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ شخصی چال چلن ہی میں یہ قوت ہے کہ دوسرے کی زندگی، برتاؤ اور چال چلن پر قوی اثر پیدا کرتا ہے اور حقیقت میں یہی ایک عمدہ عملی تعلیم ہے۔ جب ہم اس عملی تعلیم کا علمی تعلیم سے مقابلہ کریں تو مکتب و مدرسے اور مدرستہ العلوم (کالج) کی تعلیم اس عملی تعلیم کی ابتدا معلوم ہوتی ہے۔ زندگی کے علم کا یعنی زندگی کے برتاؤ کے علم کا جسے انگریزی میں "لائف ایجوکیشن" کہتے ہیں، انسان پر، قوم پر، بہت اثر ہوتا ہے۔ مکتب و مدرسہ و مدرستہ العلوم کا علم، طاق میں، صندوق میں یا الماری میں یا کسی بڑے کتب خانے میں رکھا ہوا ہوتا ہے۔

**سوالات:**

(i) ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری کی نظیر دکھانے والا اپنی قوم پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے؟

(ii) ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری کی نظیر دکھانے والے کا طریقہ اور چال چلن کیا رُخ اختیار کر سکتا ہے؟

(iii) ہر روز نئے تجربے سے کیا بات معلوم ہوئی ہے؟

(iv) عملی تعلیم کس حد تک علمی تعلیم سے مختلف ہے؟

(v) "لائف ایجوکیشن" انسان پر کس حد تک اثر انداز ہوتی ہے؟

(vi) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** مندرجہ بالا عبارت کی تلخیص کیجیے۔

**ب۔ حصہ نظم:** (3 x 4 = 12)

**مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:**

ہُوا شاہ زادے کا دل بے قرار
یہ دیکھی جو واں چاندنی کی بہار
کچھ آئی جو اُس مَہ کے جی میں ترنگ
کہا: آج کوٹھے پہ بچھے پلنگ
کہا شہ نے اب تو گئے دِن نکل
اگر یوں ہے مرضی تو کیا ہے خلل

**سوالات:**

(i) ان اشعار میں دوسرے شعر کی علم بیان کے حوالے سے وضاحت کریں۔

(ii) شہزادے کا دل کیوں بے قرار ہُوا؟

(iii) اس بند کا مرکزی خیال بیان کریں۔ **یا** اس بند کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

**(یا)**

دُکھ دیتے ہیں ایک ایک قدم پاؤں کے چھالے
منزل پہ پہنچنے کے بھی پڑ جاتے ہیں لالے
ہاتھوں سے اگر بیٹھ کے کانٹوں کو نکالے
ڈر ہے کہ نہ بڑھ جائیں کہیں قافلے والے
در ماندوں کے لینے کو بھی آتا نہیں کوئی
تھک کر بھی کبھی بیٹھے تو اُٹھاتا نہیں کوئی

**سوالات:**

(i) پہلے شعر میں استعمال ہونے والی صنعت کی نشاندہی کر کے وضاحت کریں۔

(ii) ہاتھوں سے بیٹھ کر کانٹے نکالنے میں کیا خوف لاحق رہتا ہے؟

(iii) اس بند کا مرکزی خیال بیان کریں۔ **یا** اس بند کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

FBISE PAST PAPERS

(ج) حصہ غزل:

مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں: (1 x 4 = 4)

(i)
آنکھ ملتے ہی کہوں خاک حقیقت دل کی
دیکھ کر جلوہ، میرے ہوش بجا ہونے دو

(ii)
قید میں یعقوبؑ نے، لی گو نہ یوسفؑ کی خبر
لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

سوال: پہلے شعر میں شاعر کو دل کی حقیقت بیان کرنے میں کس دشواری کا سامنا ہے؟ **یا** دوسرے شعر میں استعمال ہونے والی صنعت کی نشاندہی کر کے وضاحت کریں۔

(د) حصہ قواعد:

درج سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 4 = 08)

(i) مجاز مرسل کسے کہتے ہیں؟ اس کے استعمال کی دو مثالیں بھی دیں۔

(ii) صنعت لف و نشر سے کیا مراد ہے؟ دو شعری مثالیں لکھیں۔ **یا** صنعت تضمین سے کیا مراد ہے؟ دو شعری مثالیں لکھیں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

کیوں خفا ہوتے ہو؟ ہمیشہ اسلاف و اخلاف ہوتے چلے آئے ہیں۔ اگر نیّر خلیفہ اول ہے، تم خلیفہ ثانی ہو۔ اُس کو عمر میں تم پر تقدم زمانی ہے۔ جانشین دونوں مگر ایک اوّل اور ایک ثانی ہے۔ شیر اپنے بچوں کو شکار کا گوشت کِھلاتا ہے، طریقِ صید افگنی سکھاتا ہے۔ جب وہ جوان ہو جاتے ہیں، آپ شکار کر کے کھاتے ہیں، تم سخن ور ہو گئے، حُسن طبع خداداد رکھتے ہو، ولادتِ فرزند کی تاریخ کیوں نہ کہو۔ اسم تاریخی کیوں نہ نکال لو کہ مجھ پیرِ غم زدہ، دل مُردہ کو تکلیف دو۔ علاؤ الدین خاں! تیری جان کی قسم! میں نے پہلے لڑکے کا اسم تاریخی نظم کر دیا تھا اور وہ لڑکا نہ جیا۔ مجھ کو اس وہم نے گھیرا ہے کہ میری نحوستِ طالع کی تاثیر تھی۔ میر امدوح جیتا نہیں۔

(یا)

مخدومی جنابِ مولانا! نوازش نامہ ابھی مِلا۔ اس سے پہلے بھی آپ کا خط مع تجویز ملا تھا مگر میں علالت کے باعث جواب جلد نہ لکھ سکا۔ پہلے سے اچھا ہوں مگر ابھی سفر کے لائق نہیں۔ خصوصاً جب کہ سفر بارہ گھنٹے سے زیادہ ہو۔ بہر حال اگر اردو کانفرنس کی تاریخوں تک سفر کے قابل ہو گیا تو اِن شاء اللہ ضرور حاضر ہوں گا۔ لیکن اگر حاضر نہ ہو سکا تو یقین جانیے کہ اس اہم معاملے میں کلیتاً آپ کے ساتھ ہوں، اگرچہ میں اردو زبان کی بحیثیت زبان خدمت کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا تاہم میری لسانی عصبیت، دینی عصبیت سے کسی طرح کم نہیں ہے آپ کی تجویز میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں۔

**سوال نمبر ۴۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔ (07)

صیاد کو ممکن ہے ہُما ہاتھ لگے
پھیلائے محبت سے جو دامِ اخلاص
حاجت نہیں اخلاص کی کچھ بعدِ فنا
قائم کرو ہستی میں نظامِ اخلاص
شیرینیِ گفتار پہ حیرت کیسی
ہے گفتۂ رحمٰن، کلامِ اخلاص

(یا)

سب سے اوّل حمد خدا کی جو مالک ہے سب کا
کسی مہم ہارے نہ ہرگز نام جپے جو رب کا
یا رب! کر اس سوکھے باغ کو ابرِ کرم سے ہریا
آس امید کا بوٹا بوٹا کر دے "میوہ بھریا"
رُوپ اک چلتی پھرتی چھاؤں، کھوٹ ہے اس کندن میں
سدا نہ پیڑ کی شاخیں ہریاں، سدا نہ پھول چمن میں

**سوال نمبر ۵۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے
اب صبح ہونے آئی، اِک دم تو سوئیے
اخلاصِ دل سے چاہیے سجدہ نماز میں
بے فائدہ ہے ورنہ جو یوں وقت کھوئیے
کس طور آنسوؤں میں نہاتے ہیں غم کشاں
اس آبِ گرم میں تو نہ اُنگلی ڈبوئیے

(یا)

نہ گیا کوئی عدم کو دلِ شاداں لے کر
یاں سے کیا کیا نہ گئے حسرت و ارماں لے کر
باغ وہ دستِ جنوں تھا کہ کبھی جس میں سے
لالہ و گل گئے ثابت نہ گریباں لے کر
پردۂ خاک میں سو سو رہے جا کر افسوس
پردہ رخسار پہ کیا کیا مہ و تاباں لے کر

**سوال نمبر ۶۔** دو دوستوں کے درمیان "موسمیاتی تبدیلیاں اور ان کے اثرات" کے عنوان پر مکالمہ لکھیں۔ (05)
(رسمی کلمات کے علاوہ دیے گئے موضوع پر کم از کم آٹھ مکالمے لکھیں)

(یا)

"پاکستان میں دہشت گردی" کے موضوع پر ایک آرٹیکل تحریر کریں۔

**سوال نمبر ۷۔** ایک تفریحی سفر کی رُوداد لکھیں۔ (05)

(یا)

'اتفاق میں برکت ہے' کے موضوع پر کہانی لکھیں۔

FBISE PAST PAPERS